نمونہ پرچہ جانچ برائے داخلہ

پرچہ : اردو جماعت : ہفتم

نام :	تاریخ :
مقررہ وقت : ۳۰ منٹ	کل نشانات : ۲۰

سوال ا۔ درج ذیل عبارت کو بغور پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (۱۰/)

زمانہ قدیم سے انسان تفریح کا سامان ڈھونڈتا آیا ہے۔ پہلے زمانے میں گاؤں کے لوگ رات کا کھانا کھا کر دن بھر کی تھکن دور کرنے چوپال میں جمع ہو جاتے تھے۔ وہاں ہر قصّہ خواں موجود ہوتا تھا۔ کہانیاں سنائی جاتی تھیں، کچھ فرضی ہوتی تھیں اور کچھ حقیقی۔ پشاور کا بازار قصّہ خوانی آج بھی بیتے دنوں کی یاد دلاتا ہے۔ رات کو بچے سونے سے پہلے دادی اماں کے گرد گھیرا ڈالتے۔ کہانی کی شروعات، "کسی ملک میں ایک بادشاہ تھا، ہمارا تمہارا خدا بادشاہ۔" ننھے منّے بچوں کے دلوں میں تجسّس اور شوق کی لہر دوڑا دیتی۔ کہانی خواہ فرضی ہو یا اصلی، دادی اماں کی زبانی ہو یا قصّہ خواں کی، ایک بات طے تھی کہ اچھّائی کا انعام اور برائی کی سزا ضرور ملے گی۔ اس طرح کہانی نہ صرف ذہنی تفریح مہیا کرتی بلکہ اصلاحی پہلو بھی رکھتی تھی اور ایک دوسرے کو قریب لانے کا ذریعہ بھی تھی۔

پھر کہانیوں کا سلسلہ ختم ہوا۔ تھیٹر اور ٹیلی ویژن وجود میں آئے اور اب کمپیوٹر کا دور ہے۔ یہ ایک حیرت انگیز ایجاد ہے۔ لگتا ہے کہ پوری دنیا ایک ڈبّے میں سمٹ آئی ہے۔ کسی بھی قسم کی معلومات حاصل کرنا چاہیں، حالات جاننا چاہیں، پیغام بھیجنا یا راستہ معلوم کرنا چاہیں، صرف بٹن دبانے کی ضرورت ہے۔ بچوں کے لیے بھی نہ صرف معلوماتی بلکہ دماغی نشوونما اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیتیں بڑھانے والے گیمز ہیں۔ اس کے ساتھ نقصانات کی فہرست بھی طویل ہے۔ مسلسل استعمال سے بچوں میں جسمانی نقائص پیدا ہونے اور بینائی پر اثر پڑنے کے قوی امکانات ہیں۔ بچے ان تجربات سے بھی محروم رہتے ہیں جو ان کی نشوونما کا اہم حصّہ ہیں، مثلاً ہم عمر بچوں کے ساتھ کھیل کود، کتابوں کا مطالعہ، وغیرہ۔ حقیقت تو یہ ہے کہ نئی ایجادات فائدہ مند کم اور نقصان دہ زیادہ ثابت ہوتی ہیں۔

ا۔ گاؤں کے لوگوں کی تفریح کا کیا ذریعہ تھا؟ (۲/)

____

____

Sample Paper

۲۔ دادی امّاں کی کہانیوں میں کیا خاص بات تھی؟ (/۲)

۳۔ کمپیوٹر کو حیرت انگیز ایجاد کیوں کہا گیا ہے؟ (/۲)

۴۔ کمپیوٹر اور موبائل سے بچوں کی نشو نما پر کون سے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ (/۲)

۵۔ نئی ایجادات کے بارے میں آپ مصنف کی رائے سے کس حد تک متّفق ہیں؟ (/۲)

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل عنوان پر ۷۵ سے ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل کہانی تحریر کیجیے۔ صورتِ حال، تاثرات اور منظر نگاری بھی شامل کیجیے۔ (/۱۰)

ہم اپنے نانا کے گاؤں چھٹیاں گزارنے گئے تھے۔ ایک رات کو شدید گرمی اور مچھّروں کی وجہ سے نیند نہیں آرہی تھی۔ خدا خدا کر کے آنکھ لگی تھی کہ اچانک۔۔۔

Sample Paper

حاصل کردہ نمبر		
مواد۔صورت حال میں رہتے ہوئے لکھنا	۵	
املا	۱.۵	
قواعد	۱.۵	
خوشخطی	۱	
خاکہ /رموز واوقاف	۱	
کل نمبر	۱۰	

Sample Paper